© rasailojaraid.com

کبریائی کے مدّت دراز تک ٹھاٹھ جمانے کے ارمان رکھتا ہو اس کے لیے کارگر نسخہ صرف اشتراکیت ہے۔

---

ان گزارشات کے بعد جن میں ہم نے اُن محرکات کی نشاندھی کی ہے جن کے تحت مسلم ممالک میں "اسلامی سوشلزم" پر خاص طور پر زور دیا جا رہا ہے، اب آپ یہ دیکھیں کہ یہ مرکب اپنے اجزا کی نوعیت کے اعتبار سے کتنا ناقص بلکہ نقصان دہ ہے۔ لیکن اس موضوع پر اظہارِ خیال سے پہلے یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ایک نگاہ اس پس منظر پر بھی ڈال لی جائے جس میں سوشلزم نے جنم لیا ہے تاکہ اس کے عناصرِ ترکیبی کو سمجھنے میں آسانی ہو۔

---

اشتراکیت درحقیقت کوئی ایسا نظامِ حیات نہیں جو مثبت افکار پر مبنی ہو۔ یہ سراسر منفی تحریک ہے جو مغرب میں انفرادیت پسندی ( INDIVIDUALISM ) کے غیر متوازن اور حد سے بڑھے ہوئے رجحان کے ردّعمل میں پیدا ہوئی۔

دنیا کی ہر انسانی تحریک کی طرح انفرادیت پسندی اور اشتراکیت دونوں تحریکیں سراسر باطل نہیں۔ ان میں بہت سے پہلو حق و صداقت کے بھی تھے۔ لیکن ان دونوں کی انتہا پسندی نے انہیں انسانیت کے لیے مفید بنانے کی بجائے نقصان دہ بنا کر رکھ دیا۔

انفرادیت پسندی کا یہ پہلو بہر حال صحیح ہے کہ کسی معاشرے میں مرکزی مقام فرد ہی کو حاصل ہوتا ہے۔ فرد وہ بنیادی اکائی ہے جس پر معاشرے کی سربفلک عمارت تعمیر ہوتی ہے۔ ہدایت و رہنمائی کے مقدس کام کا آغاز بھی فرد ہی سے ہوتا ہے اور اجتماعی بگاڑ کی ابتدا بھی اسی سے ہوتی ہے۔ اس بنا پر تعمیر و ترقی کا کوئی کام فرد کو بحیثیتِ فرد نظر انداز کر کے پایۂ تکمیل تک نہیں پہنچ سکتا، اور معاشرتی بگاڑ اور اس کے تباہ کن اثرات کا اندازہ افراد ہی سے لگایا جا سکتا ہے۔ پھر اگر اس معاملے کو مذہبی نقطۂ نظر سے اگر دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ مذہب نے بھی فرد ہی کو بنیادی اکائی تصور کر کے اس کی اصلاح کے لیے ایک ضابطۂ اخلاق دیا ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اور اسے بحیثیتِ فرد ہی اپنے ہر قول اور فعل کا ذمہ دار ٹھیرایا ہے۔ جب فرد کو اس دنیا میں مرکزی حیثیت حاصل ہے تو لامحالہ اجتماعی تگ و دو کا منتہائے مقصود فرد کی بھلائی ہی ہونا چاہیے۔ یہ حقیقت اپنی جگہ بالکل صحیح اور درست ہے اور اس بنا پر ہر فرد اپنا یہ جائز حق رکھتا ہے کہ وہ معاشرے سے اپنی آزادی، خودمختاری اور اپنے حقوق کی حفاظت اور پاسبانی کا تقاضا کرے۔ مگر دیکھیے کہ فرد کا جو حق اپنے فطری حدود کے اندر رہتے ہوئے بالکل صحیح اور مبنی بر انصاف ہے، وہی جب جائز حدود سے تجاوز کرتا ہے تو معاشرے کے لیے کتنا نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ کسی فرد کا حق اُسی صورت میں قابلِ احترام ہے جب اس سے دوسروں کے حقوق پامال نہ ہوتے ہوں لیکن جب ایک فرد یا چند افراد چالاکی اور عیاری سے، یا اپنی قوت و طاقت سے اپنے حقوق کے دائرے کو اتنا وسیع کر دیں کہ اُن سے دوسروں کے حقوق پر دست درازی ہوتی ہو، اور معاشرہ بحیثیتِ مجموعی نقصان اٹھاتا ہو، تو معاشرے میں عدل و انصاف کا قیام اور حفظ و بقا بالکل ناممکن ہو جاتا ہے۔

---

فرد اور معاشرے کے باہمی تعلق کا مسئلہ صنعتی انقلاب سے پہلے کچھ بہت زیادہ پیچیدہ نہ تھا۔ لیکن اس ہمہ گیر انقلاب کے بعد جب وسائلِ رزق پر ایک مختصر سے طبقے کا قبضہ ہونے لگا، اور اس قبضے کی وجہ سے قوت و اقتدار کی باگیں بھی خود بخود اُسی کے ہاتھ میں آگئیں، تو اس وقت اس سوال نے غیر معمولی اہمیت اختیار کر لی۔

انفرادیت پسندی کے علمبرداروں نے بڑے زور کے ساتھ یہ دعویٰ کیا کہ وہ اپنے ہر انفرادی اور اجتماعی فعل میں آزاد اور خودمختار ہیں، اور معاشرے سے جس طرح فائدہ اٹھانا چاہیں اٹھا سکتے ہیں۔ ریاست یا معاشرے کو اس بات کا قطعاً کوئی حق حاصل نہیں کہ وہ اُن کے معاملات میں دخیل ہو۔ معاشرہ اور ریاست افراد کی خداداد صلاحیتوں کو کام کا موقع دینے کے لیے ہیں۔ اُن کا کام افراد کی سرگرمیوں پر پابندی لگانا نہیں بلکہ اس امر کا التزام کرنا ہے کہ کوئی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دوسرا اُن کی سرگرمیوں میں دخیل نہ ہونے پائے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ لوگوں کی لڑائی دیکھ کر ایک خاموش تماشائی بن کر دیکھتی رہے۔ البتہ جب کوئی اس میں مداخلت کرے تو اسے پوری قوت سے دبا دے۔ چنانچہ اس انفرادیت پسندی کے نظام میں ریاست کے فرائض صرف دو کاموں پر مشتمل تھے۔ بیرونی حملہ آوروں سے بچاؤ اور داخلی انتشار سے حفاظت۔ اس طرزِ فکر کے نتیجے میں جو نظامِ ریاست، جو نظامِ معیشت اور جو نظامِ معاشرت قائم ہوا وہ سراسر چند چالاک اور مالی اعتبار سے مضبوط افراد کے رحم و کرم پر تھا۔ یہ افراد جس طرح چاہتے معاشرے کے کمزور اور بے بس لوگوں کو لوٹتے اور حکومت کی سنگینیں ان کی حفاظت کرتیں، عدالتیں ان کے مفادات کی پاسبان اور نگران ہوتیں، ملکی قوانین ان کی ان ظالمانہ کارروائیوں کی تائید کرتے۔ اس طرح ان لوگوں نے نتائج سے یکسر بے پروا ہو کر عوام میں جیسے چاہا دستِ ظلم دراز کیا اور اُن کی رگوں سے خون کا آخری قطرہ تک نچوڑ ڈالا۔ اس ظلم و استبداد سے گھبرا کر اگر عوام میں کوئی تحریک پیدا ہوتی تو حکومت اُسے سختی سے دبا دیتی۔ اگر وہ بیچارے عدالتوں کا دروازہ کھٹکھٹاتے تو انہیں محسوس ہوتا کہ جن ایوانوں کو وہ غریبوں اور بے کسوں کی آخری پناہ گاہ خیال کر رہے ہیں وہ صرف امراء کے حقوق کے محافظ ہیں۔ غرض زندگی ان کمزوروں کے لیے پوری طرح عذاب بن کر رہ گئی تھی۔

---

اسے محض انسانیت کی بدقسمتی سمجھیے کہ ان اندوہناک حالات میں جب غریبوں کے لیے جینا تک دشوار ہو چکا تھا، مذہب نے بھی کوئی دستگیری نہ کی۔ یہ معاشرہ جس مذہب سے آشنا تھا وہ پادریوں کا مذہب تھا جس میں انفرادی زندگی کی اصلاح کے لیے تو کچھ نہ کچھ تعلیمات موجود تھیں مگر اجتماعی معاملات میں انسان کے لیے کوئی واضح ہدایت اور کوئی جامع پروگرام نہ تھا۔ مذہب کی تاریخ اس حقیقت پر پوری طرح گواہ ہے کہ اس نے ہمیشہ کمزوروں اور بے بسوں کی پشت پناہی کی ہے اور اس کے اندر ستم رسیدہ مخلوق نے ہمیشہ پناہ لی ہے۔ اس بنا پر بجا طور پر توقع کی جا سکتی تھی کہ اگر یورپ میں مذہب اپنی صحیح اور اصلی شکل میں ہوتا تو وہ اوّل تو

© rasailojaraid.com